الجامعة البنورية العالمية
پی او بکس نمبر: ۱۰۲۹۸ سائٹ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
⊙ Email: darulifta@gmail.com ⊙ Web: http://fatawa.binoria.org ⊙ Ph: +92-21-2560300\2560400 ⊙ Fax: +92-21-2564586

Name :> fatima
Address :> bolton/UK
Sebject :> NAMAZ

Serial No. :> 3616 ۳۰۹۹۵
Fatwa No :>
Date :> 7/10/2007
Email :>

Question :>
i just wanted to inquire if women are allowed to pray 8 rakaat of taraweeh. i am aware that 20 has to be prayed but some women have never prayed taraweeh in their lives and to start them paraying taraweeh can they start of with 8 rakaats and gradually build it up to 20 rakaats. as they have never prayed taraweeh in their 20 rakaats sounds very daunting for them and i was thinking that they are missing out on this namaaz can they start of with 8 and build it up. jazakallah

السلام علیکم۔

مفتی صاحب: مجھے معلوم کرنا ہے کہ کیا عورتوں کو آٹھ (۸) رکعات تراویح پڑھنے کی اجازت ہے؟ مجھے معلوم ہے کہ بیس (۲۰) رکعت پڑھنی ہیں مگر کچھ عورتیں ایسی بھی ہیں جنہوں نے اپنی زندگی میں کبھی بھی تراویح نہیں پڑھی کیا انکو آٹھ رکعت سے شروع کرا سکتے ہیں؟ آہستہ آہستہ بیس (۲۰) رکعت تک۔ کیونکہ بیس (۲۰) رکعت ایک دم ہی شروع کرنا بہت مشکل معلوم ہوتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً

اگر کسی عذر شرعی یا جسمانی کمزوری وغیرہ کی بناء پر کوئی مرد یا عورت بجائے بیس رکعت تراویح کے کم تعداد پڑھ لے تو اس کا یہ عمل بھی اگرچہ باعث اجر وثواب ہے مگر اس سے سنت کی ادائیگی نہیں ہوگی کیونکہ ادائیگیٔ سنت بیس رکعات تراویح سے ہی ممکن ہے اور اس کا اہتمام چاہئیے۔

عن ابن عباس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي في شهر رمضان في غير جماعة بعشرين ركعة والوتر
السنن الكبرى للبيهقي ص ۴۹۶/۲

وفي الدر: التراويح سنة مؤكدة لمواظبة الخلفاء الراشدين للرجال والنساء اجماعاً وقال بعد اسطر وهي عشرون ركعة۔ ص ۴۵/۲

وفي الشامية قوله وهي عشرون ركعة هو قول الجمهور، وعليه عمل الناس شرقاً وغرباً۔ ص ۴۵/۲

وفي المغني لابن قدامه (فصل) والمختار عند

ابي عبد الله رحمه الله فيها عشرون ركعة و
بهذا قال الثوري وابو حنيفة والشافعي
... ولنا ان عمرؓ لما جمع الناس على ابي بن
كعب كان يصلي لهم عشرين ركعة وعن علي
انه امر رجلا يصلي بهم في رمضان عشرين ركعة
وهذا كالاجماع - ص ٩٩ ج ١ - والله اعلم بالصواب

محمد زعیم عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
١ / ذی الحجہ ١٤٢٨ھ

الجواب صحیح
عبد اللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
٣ / ذی الحجہ ١٤٢٨ھ

الجواب صحیح
نائب مفتی
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
٥ / ذی الحجہ ١٤٢٨ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ
٣٦٩٩٥
٢١ / ١ / ٠٨